**Jubilee GENERAL INSURANCE**

# Jubilee General Insurance Company Limited

JUBILEE INSURANCE HOUSE, I.I. CHUNDRIGAR ROAD, KARACHI.

# Notice of Extraordinary General Meeting

Notice is hereby given that the Extraordinary General Meeting (EOGM) of Jubilee General Insurance Company Limited will be held on Monday, June 26, 2023 at 10:00 a.m. at the Registered Office of the Company situated at Jubilee Insurance House, I.I. Chundrigar Road, Karachi and online via Zoom video link to transact the following businesses:

**ORDINARY BUSINESS**

To elect nine (9) Directors of the Company as fixed by the Board in the meeting held on April 18, 2023 in accordance with the provision of Section 159 of the Companies Act, 2017, for a term of three years commencing from June 26, 2023. The names of the following retiring directors are eligible to offer themselves for election:

1. Mr. R. Zakir Mahmood
2. Mr. Akbarali Pesnani
3. Mr. John Joseph Metcalf
4. Mr. Amin A. Hashwani
5. Mr. Amyn Currimbhoy
6. Mr. Riyaz Ali Towfiq Chinoy
7. Mr. Murtaza Hashwani
8. Mr. Abrar Ahmed Mir
9. Ms. Nausheen Ahmad

**SPECIAL BUSINESS**

To approve an increase in the Authorised Share Capital of the Company and in this connection to pass the following resolution as and by way of a Special Resolution, namely:

RESOLVED that:

(I) The Authorised Share Capital of the Company be and is hereby increased to Rs. 6,000,000,000 by creation of 350,000,000 Ordinary shares of Rs. 10 each, such new shares to rank pari passu in all respect with the existing Ordinary Shares in the Capital of the Company.

(II) The Memorandum of Association of the Company be and is hereby altered by substituting for the existing Article V with the following new Article V, namely,
"V. The Authorised Share Capital of the Company is Rs. 6,000,000,000 divided into 600,000,000 Ordinary Shares of Rs. 10 each."

**By Order of the Board**
Abdul Wahid
Company Secretary

**Karachi**
**June 01, 2023**

**PARTICIPATION IN EXTRAORDINARY GENERAL MEETING**

In the light of relevant guidelines issued by Securities and Exchange Commission of Pakistan ("SECP") vide letter No. SMD/SE/2/ (20)/2021/117 dated December 15, 2021, the members are encouraged to participate in the general meetings through electronic facility organised by the Company.

**A. Attending Meeting through electronic means**

In order to attend the EOGM online through electronic means the members are requested to get themselves registered with the Company Secretary office by 23, June 2023 till 5:00 pm at **agm.jgi@jubileegeneral.com.pk** by providing the following details:

| Name of Shareholder | CNIC No. | Folio/CDS No. | Cell No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

The login facility will be opened thirty minutes before the meeting time to enable the participants to join the meeting after the identification process. Shareholders will be able to login and participate in the EOGM proceedings through their devices after completing all the formalities required for the identification and verification of the shareholders.

**B. Attending Meeting physically**

Physical meeting arrangements for shareholders have been made at the Registered Office of the Company situated at Jubilee Insurance House I. I. Chundrigar Road, Karachi.

**C. Attending Meeting through proxies**

I. A member entitled to attend and vote at the Meeting may appoint another member as his/her proxy to attend, speak and vote at the Meeting on his/her behalf.

II. The proxy forms must be completed in respect and in order to effective must be deposited at the Registered Office of the Company not later than 48 hours before the time of the Meeting.

III. For attending the Meeting and Appointing Proxies, CDC Account Holders will further have to follow the guidelines as laid down in Circular No. 1 of 2000 dated January 26, 2000 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). The rights of members and their proxies exercisable during meetings and all other relevant information are listed in S.137 of the Companies Act 2017, which can be easily accessed on the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) website.

IV. For attending the meeting through electronic means (Zoom), proxy form should be submitted along with proxy holders 'email address and mobile number.

**PROCEDURE FOR VOTING FOR SPECIAL AGENDA ITEMS**

It is hereby notified that pursuant to the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 and its amendments notified vide SRO 2192(I)/2022 dated December 05, 2022, members will be allowed to exercise their right to vote for the special business in the EOGM, in accordance with the condition mentioned in the aforesaid regulations. The Company shall provide its members with the following options for voting:

**(i) E-Voting Procedure**

a) Details of the e-voting facility will be shared through an e-mail with those members of the Company who have their valid CNIC numbers, cell numbers, and e-mail addresses available in the register of members of the Company within due course.

b) The web address, login details, will be communicated to members via email. The security codes will be communicated to members through SMS from web portal of the Company's Share Registrar THK Associates.

c) Identity of the Members intending to cast vote through e-Voting shall be authenticated through electronic signature or authentication for login.

d) E-Voting lines will start from June 22, 2023, 09:00 a.m. and shall close on June 25, 2023 at 5:00 p.m. Members can cast their votes any time in this period. Once the vote on a resolution is cast by a Member, he/she shall not be allowed to change it subsequently.

**(ii) Postal Ballot**

The members shall ensure that duly filled and signed ballot paper along with copy of Computerised National Identity Card (CNIC) should reach the Chairman of the meeting through post on the Company's registered address, Head Office, 2nd Floor Jubilee Insurance House, I.I. Chandigarh Road, Karachi, or email at cm.agm@jubileegeneral.com.pk one day before the Extraordinary General Meeting i.e June 25, 2023, during working hours. The signature on the ballot paper shall match with the signature on CNIC.

**NOTES:**

1. The Share Transfer Books of the Company will be closed from June 20, 2023 to June 26, 2023 (both days inclusive). Transfer received to the Company's Share Registrar at the close of business on June 19, 2023 will be treated in time for the purpose of determining the right to attend the meeting.

2. Members are requested to immediately inform the Company of any change in their addresses.

3. Any person who seeks to contest the election of Directors shall file with the Company at its registered office not later than fourteen days before the date of the said meeting notice of his / her intention to offer himself / herself for the election of the Directors in terms of Section 159(3) of the Companies Act, 2017 together with:
   - His/her folio no./CDC Investor Account No./CDC Participant No./Sub-Account No.
   - An attested copy of valid Computerized National Identity Card
   - Notice of his/her intention to offer himself/herself for the election of directors in terms of section 159(3) of the Companies Act, 2017
   - Consent to act as director in Form 28 under Section 167 (I) of the Companies Act, 2017
   - Declaration required under Clause iv of the Code of Corporate Governance for Insurers, 2016. Declaration format is available on SECP website and can also be obtained from the Registered office of the Company
   - Information on Annexure A and affidavits on Annexure B & C required under Insurance Companies (Sound and Prudent Management) Regulation, 2012. Annexure A, B and C are available on SECP website and can also be obtained from the Registered office of the Company
   - Detailed profile along with office address for placing on website of the Company seven days prior to the date of election in term of SRO

4. Approval from SECP is required to become director of the Company. The qualification of a director shall be holding shares in the Company of the nominal value of Rs. 21,000 in terms of Article 72 of the Article of Association.

**Address of the Share Registrar of the Company:**

THK Associates (Private) Limited, Plot No. 32-C, Jami Commercial Street 2, D.H.A., Phase VII, Karachi-75500.

**Jubilee**
**GENERAL INSURANCE**

# Jubilee General Insurance Company Limited

JUBILEE INSURANCE HOUSE, I.I. CHUNDRIGAR ROAD, KARACHI.

# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ جوبلی جنرل انشورنس کمپنی لمیٹڈ کا غیر عمومی اجلاسِ عام بروز پیر 26 جون 2023 کو صبح 10 بجے شخصی حاضری کے طور پر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع جوبلی انشورنس ہاؤس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی اور زوم ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے سے منعقد کیا جائے گا، جس میں درج ذیل کاروباری امور انجام دیئے جائیں گے:

**عمومی کاروبار**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159 کی دفعات کے مطابق بورڈ نے 18 اپریل 2023 کو اپنے منعقدہ اجلاس میں کمپنی کے منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد 9 مقرر کی ہے، یہ انتخاب 26 جون 2023 سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لیے ہوگا۔ درج ذیل ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز اپنے آپ کو انتخاب کے لیے پیش کرنے کے اہل ہیں:

1 جناب آر زاکر محمود
2 جناب اکبر علی پسنانی
3 جناب جان جوزف میٹکاف
4 جناب امین اے ہاشوانی
5 جناب امین کریم بھائی
6 جناب ریاض علی توفیق چنائے
7 جناب مرتضیٰ ہاشوانی
8 جناب ابرار احمد میر
9 محترمہ نوشین احمد

**خصوصی کاروبار**

کمپنی کے مجاز حصص سرمایہ میں اضافے کی منظوری کے لیے اور اس سلسلے میں درج ذیل کو بطور خصوصی قرارداد پاس کرنے کے لیے،

یہ قرار پایا کہ:

(I) 350،000،000 عمومی حصص کی تخلیق سے کمپنی کا مجاز حصص سرمایہ 6،000،000،000 روپے تک بڑھایا جائے۔ 10 روپے کے ان نئے حصص کو موجودہ عام حصص کے ساتھ ہر لحاظ سے برابر سمجھا جائے۔

(II) کمپنی کے میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کو موجودہ آرٹیکل V کی جگہ درج ذیل نئے آرٹیکل V کے ذریعہ تبدیل کیا جائے، یعنی،

V. کمپنی کا مجاز شیئر کیپٹل 6,000,000,000 روپے ہے۔ جو کہ 10 روپے کے 600,000,000 عام حصص میں منقسم ہے۔

بحکم بورڈ

عبدالواحد
کمپنی سیکریٹری

کراچی
01 جون 2023

**غیر عمومی اجلاس عام میں شرکت**

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے 15 دسمبر 2021 کو جاری لیٹر نمبر SMD/SE/2/(20)/2021/117 میں جاری کردہ ہدایات کی روشنی میں، ممبران کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ کمپنی کی جانب سے فراہم کی جانے والی الیکٹرانک سہولت کے ذریعے شرکت کریں۔

**ا) الیکٹرانک ذرائع سے اجلاس میں شرکت**

الیکٹرونک کے ذرائع سے غیر عمومی اجلاس عام میں آن لائن شرکت میں دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے گزارش کی جاتی ہے کہ 23 جون 2023 کو کمپنی سیکریٹری کے آفس میں شام 5 بجے تک خود کو رجسٹر کروائیں، اس کے لیے انہیں agm.jgi@jubileegeneral.com.pk پر درج ذیل کوائف فراہم کرنے ہوں گے:

| شیئر ہولڈر کا نام | سی این آئی سی نمبر | فولیو/سی ڈی ایس نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

شناختی عمل کی تکمیل کے بعد اجلاس میں شرکت کرنے والے شرکاء کے لیے اجلاس کے وقت سے 30 منٹ قبل لاگ ان کی سہولت کھولی جائے گی۔ شیئر ہولڈرز اپنی شناخت اور تصدیق کے لیے لوازمات کی تکمیل کے بعد ہی غیر عمومی اجلاس عام کی کارروائی میں اپنی ڈیوائسز کے ذریعے شرکت اور لاگ ان کے اہل ہوں گے۔

**ب) شخصی طور پر اجلاس میں شرکت**

شیئر ہولڈرز کی غیر عمومی اجلاس عام میں شخصی شرکت کے لیے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع جوبلی انشورنس ہاؤس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی میں انتظامات کئے گئے ہیں۔

**ج) پراکسیز کے ذریعے اجلاس میں شرکت**

i) اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے اہل ممبر اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے کسی کو بطور نمائندہ (پراکسی) مقرر کرسکتا ہے۔

ii) پراکسی فارم موثر ہونے کے لیے ان کی دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو اجلاس سے 48 گھنٹے پہلے موصول ہونا ضروری ہیں۔

iii) اجلاس میں شرکت اور پراکسیز مقرر کرنے کے لیے، سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 آف 2000 بتاریخ 26 جنوری 2000 کی ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔ اجلاسوں کے دوران ممبران اور ان کے پراکسیز کے حقوق اور دیگر متعلقہ معلومات کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 137 میں درج ہیں، جو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ویب سائٹ سے آسانی کے ساتھ ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

iv) الیکٹرانک ذرائع (زوم) سے اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے، پراکسی فارم پر پراکسی کا ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر درج کرکے جمع کرانا ہوگا۔

**خصوصی ایجنڈا آئٹمز کے لیے ووٹنگ کا طریقہ کار**

مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 اور SRO 2192(I)/2022 بتاریخ 5 دسمبر 2022 میں ان کی ترامیم کے تحت، ممبران کو غیر معمولی اجلاس عام میں پیش کردہ خصوصی کاروبار کے لیے اپنا ووٹ دینے کی اجازت دی جائے گی، ان ریگولیشنز کے مندرجات کی تعمیل میں، کمپنی اپنے ممبران کو ووٹنگ کے لیے درج ذیل اختیارات فراہم کرے گی:

**i) ای ووٹنگ کا طریقہ کار**

ا) ای ووٹنگ سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان ممبران کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائے گی جن کے فعال سی این آئی سی نمبر، موبائل نمبر، ای میل ایڈریس کمپنی کے ممبران کے رجسٹر میں باقاعدہ موجود ہوں گے۔

ب) ممبران کو ویب ایڈریس، لاگ ان تفصیلات ای میل کے ذریعے فراہم کی جائے گی۔ ممبران کو سیکورٹی کوڈز کی اطلاع کمپنی کے شیئر رجسٹرار ٹی ایچ کے ایسوسیٹس کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے دی جائے گی۔

ج) ای ووٹنگ کے ذریعے انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند ممبران کی شناخت ڈیجیٹل دستخط یا لاگ ان کے لیے تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

د) ای ووٹنگ لائنز کا آغاز 22 جون 2023، صبح 9 بجے اور 25 جون 2023 کو شام 5 بجے اختتام ہوگا۔ ممبران اس مدت میں کسی بھی وقت اپنا ووٹ کاسٹ کرسکتے ہیں۔ کسی بھی ممبر کی جانب سے قرارداد کے لیے ووٹ دینے کے بعد اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**ii) پوسٹل بیلٹ**

ممبران کو یقینی بنانا ہوگا کہ ان کی جانب سے باضابطہ طور پر مکمل کردہ اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی کے ہمراہ کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس، ہیڈ آفس، دوسری منزل جوبلی انشورنس ہاؤس، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی پر پوسٹ کے ذریعے اجلاس کے چیئرمین کو پہنچ جائے یا cm.agm@jubileegeneral.com.pk پر ای میل کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام سے ایک دن قبل 24 اپریل 2023 کو اوقات کار کے دوران پہنچ جائے۔ بیلٹ پیپر پر کیا جانے والا دستخط CNIC پر موجود دستخط جیسا ہونا چاہیے۔

**نوٹس**

1۔ کمپنی کے شیئر ٹرانسفر بکس 20 جون 2023 تا 26 جون 2023 (دونوں دن شامل ہیں) تک بند رہیں گے۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو 19 جون 2023 کو کاروبار کے اختتام تک وصول ہونے والی منتقلیوں حق حاضری کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

2۔ ممبران سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے ایڈریس میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کو مطلع کریں۔

3۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب میں شرکت کے خواہشمند فرد کو غیر معمولی اجلاس عام کی تاریخ سے کم از کم 14 دن قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اپنے ارادے سے آگاہ کرنا ہوگا، علاوہ ازیں ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(3) کی شرائط کے ساتھ درج ذیل بھی لازم ہوں گے:

- اس کا فولیو نمبر/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/سی ڈی سی پارٹیسپنٹ نمبر/سب اکاؤنٹ نمبر
- کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی
- کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(3) کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے سے متعلق نوٹس
- کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 167 کے تحت فارم 28 میں ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب کے لیے رضامندی
- کوڈ آف کارپوریٹ گورننس برائے انشورز 2016 کی شق iv کے تحت اقرار نامہ۔ اقرار نامے کا فارمیٹ ایس ای سی پی کے ویب سائٹ یا کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے حاصل کیا جاسکتا ہے
- انشورنس کمپنیز ریگولیشنز 2012 (ساؤنڈ اینڈ پروڈنٹ مینجمنٹ) کے تحت ضمیمہ اے پر معلومات اور ضمیمہ ب اور ج پر حلف نامے دینے ہوں گے۔ ضمیمہ جات ایس ای سی پی کے ویب سائٹ پر موجود ہیں اور کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سے بھی حاصل کئے جاسکتے ہیں
- 3 اکتوبر 2019 کے ایس آر او 1196(I)/2019 کے تحت کمپنی کے ویب سائٹ پر رکھنے کے لیے تفصیلی پروفائل اور آفس ایڈریس انتخاب سے 7 دن قبل فراہم کرنا ہوگا

4۔ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لیے ایس ای سی پی کی منظوری لازمی ہوگی۔ ڈائریکٹر کی اہلیت کے لیے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 72 کی تعمیل میں کمپنی کے شیئرز میں 21,000 روپے کی نامینل مالیت کے شیئرز ہونا لازمی ہیں۔

**کمپنی کے شیئر رجسٹرار کا ایڈریس:**

THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر C-32، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے، فیز VII، کراچی 75500۔